© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

**دارالعلوم حقانیہ کے ایوان شریعت اور مرکزی درسگاہوں کے صحن میں خوبصورت ٹائلز کی تنصیب:**

الحمدللہ دارالعلوم حقانیہ کے وسیع و عریض رقبے میں حسب سابق اور حسب روایت تعمیرات کا سلسلہ بہ توفیقِ ایزدی زور وشور سے جاری ہے۔ اساتذہ کے قیام کیلئے نئے فلیٹس نما گھروں کی تعمیر آخری مراحل میں ہے۔اس کے ساتھ ساتھ دارالعلوم کے کئی حصوں میں خوبصورت سڑکیں بھی بن گئی ہیں۔اور دارالعلوم کی جامع مسجد کے وسیع صحن میں ایک اہل خیر کے تعاون سے لوہے کی خوبصورت چھت بھی بن گئی ہے۔اوراس میں پنکھوں اور روشنی کا خاطر خواہ انتظام بھی کیا گیا ہے جس سے طلباء دھوپ اور بارش وگرمی وسردی کے اثرات سے نمازوں کے اوقات میں محفوظ ہوگئے ہیں۔اوراس کے ساتھ ساتھ دارالعلوم میں نئے تعمیر شدہ عظیم الشان مطبخ اوراس کے متصل حصے میں نئے کمروں کی تعمیر اور نئے وسیع روٹی پکانے والے تنور اور پلانٹ بھی خوب کام کر رہے ہیں اوران دنوں ایوان شریعت دارالحدیث کے سامنے اور مرکزی درسگاہوں کے سامنے خوبصورت اور جاذب نظر اینٹ نما ٹائلز کی تنصیب بھی مکمل ہونے کو ہے۔جس سے دارالعلوم کے حسن و جمال اور خوبصورتی میں مزید نکھار پیدا ہوگیا ہے اور تعمیر وترقی کا خوبصورت عمل حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی ذاتی دلچسپی و سرپرستی اور مہیا کردہ وسائل کے باعث دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔

**دارالعلوم میں ایرانی قونصلر جنرل حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات**

گزشتہ دنوں ایرانی نئے قونصلر جنرل جناب اقبال اصغری صاحب دیگر ساتھیوں سمیت حضرت مولانا مدظلہ سے ملاقات کے لئے دارالعلوم تشریف لائے۔اور رہائش گاہ پر حضرت مولانا مدظلہ سے مختلف امور پر باہمی تبادلہ خیال کیا۔حضرت مولانا مدظلہ نے عراق میں جاری شیعہ سنی جھگڑے پر سنی حلقوں اور خصوصاً عالم عرب کے تحفظات سے انہیں آگاہ کیا اوراس پر اپنی تشویش کا اظہار بھی کیا۔بعد میں وفد نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور مختلف اساتذہ وعلماء سے بھی ملاقاتیں کیں۔

**جناب سراج الاسلام صاحب کے بیٹے کی وفات** دارالعلوم کے انتہائی مخلص اور ادارہ ''الحق'' کے معاون جناب سراج الاسلام سراج صاحب کے فرزند محمد ظاہر استاد وامام مسجد گزشتہ دنوں اچانک حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث مسجد کی صفائی کے دوران انتقال کر گئے۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔ادارہ جناب سراج الاسلام صاحب کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے اوران کی صحتیابی کے لئے بھی دعاگو ہے کہ آپ بھی ایک عرصے سے صاحب فراش ہیں۔قارئین سے خصوصی دعاؤں کی اپیل ہے۔

© rasailojaraid.com